# حروف کے پر اور باریک کے قواعد

حروف کو پر پڑھنے کا مطلب حروف کو ادا کرتے وقت آواز کا منہ بھر کر نکلنا۔ جیسے: قال کاق

حروف کو باریک پڑھنے کا مطلب حروف کو ادا کرتے وقت آواز منہ کو نہ بھرے۔ جیسے: مالك کام

حروف کے پر اور باریک کے اعتبار سے تین قسمیں ہیں۔

۱۔ حروف مستعلیہ ۲۔ حروف مستفلہ ۳۔ حروف مشبہ

حروف مستعلیہ سات حروف ہیں جن کا مجموعہ (خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ) یہ حروف ہمیشہ موٹے پڑھے جاتے ہیں۔

| حروف مستعلیہ | | حروف مستعلیہ کی مثالیں | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | خ | خَلَقْنَا | خَاسِئِيْنَ | خُضُرٌ |
| 2 | ص | صَلْصَالٍ | صِيَامٍ | فَصَبْرٌ |
| 3 | ض | ضَلَّ | اَضْعَافًا | عَرَضَهُمْ |
| 4 | ط | طُغْيٰنِهِمْ | طٰئِرٍ | طَيِّبٰتِ |
| 5 | ظ | ظُلُمٰتِ | ظَاهِرَةً | أَظْلَمَ |
| 6 | غ | غَيْرِ هٰذَا | غَسَّاقًا | غَمٍّ |
| 7 | ق | اِسْتَوْقَدَ | قُرْبَانًا | قَدِيْرٌ |

نوٹ: ص ض ط ظ میں دو درجے کا موٹاپن ہوتا ہے ایک صفت استعلاء اور دوسرا صفت اطباق کا جبکہ غ خ اور ق میں صرف ایک ہی صفت، صفت استعلاء ہوتی ہے۔

۲۔ حروف مستفلہ: وہ حروف جو ہمیشہ باریک پڑھے جاتے ہیں۔

یہ ۱۹/ حروف ہیں۔ ب ت ث ج ح د ذ ز س ش ع ف ك م ن و ه ء ی۔

حروف مشبہ: وہ حروف جو کبھی باریک اور کبھی پر پڑھے جاتے ہیں۔ یہ حروف تین ہیں۔ الف ل ر

نوٹ: الف اور لام کے قاعدے ترتیب سے لکھے جا رہے ہیں ر کے پر اور باریک کے قاعدے آگے بیان کئے جائیں گے۔

AzanGuru